

# THE INTELLECT BULLETIN

MONTHLY | AUGUST 2015 | ZEEQAD 1436 A.H | VOL-1, ISSUE-6


## News & Views

# Muslims campaign urging Americans to "Discover Prophet Muhammad g"

### "Kindness is a mark of faith," a billboard in Elizabeth, New Jersey, reads.

A Muslim campaign urging Americans to "Discover Prophet Muhammad g is trying to reverse negative perceptions of the religion by giving a platform for positive messages. With attacks providing much of the backdrop for media discussion of their faith, the mainstream Islamic Circle of North America, is sponsoring billboards to talk about peace and love and put belief into context. "We thought a proper approach would be to actually educate the larger public about his personality, which exemplifies love and brotherhood," said ICNA Deputy Secretary General. The billboard campaign is not the first high-profile bid by a




Muslim group to correct Islam's image in America.

This latest campaign will eventually include about 100 billboards from Philadelphia to Baltimore, Atlanta and Miami. Some signs, like those in Sacramento, are clearly invitations to know the Muslim faith while others introduce our beloved Prophet g as a supporter of women's rights and religious tolerance. "Kindness is a mark of faith," a billboard in Elizabeth, New Jersey, reads.

Muslims make up 0.9 percent of the US population, but the number is expected to double by 2050.

# One of the world's oldest Quran manuscripts found in UK

### Radiocarbon tests reveal fragments of Islamic book held by the University of Birmingham are at least 1,370 years old.

Fragments of the Quran held by the UK's Birmingham University have been found to be among the oldest in the world.

Following radiocarbon analysis by the University of Oxford, the manuscripts, written on parchments, have been dated to from between AD 568 and 645, with 95 percent accuracy.

The Director of Special Collections at the University of Birmingham, said: "The radiocarbon dating has delivered an exciting result, which contributes significantly to our understanding of the earliest written copies of the Quran.

"We are thrilled that such an important historical document is here in Birmingham, the most culturally diverse city in the UK."

The two parchments form part of the University's Mingana Collection of Middle Eastern manuscripts.

The manuscripts *Page 2*



# Over 400,000 Rohingya Muslims Need Aid According to UN

### Over 1.3 million Rohingya Muslims in Myanmar face discrimination, including controls on their movements, family size and access to jobs.

The United Nations says nearly half a million members of the persecuted Rohingya community in Myanmar are in need of humanitarian aid as the plight of Muslim minorities in the Asian state continues unabated. The UN Office for the Coordination of Humanitarian Affairs (UNOCHA) said recently that three years into the outbreak of a fresh wave of violence against Rohingya Muslims in Myanmar's western state of Rakhine, more than 416,000 people in the community still need humanitarian assistance. This includes over 140,000 displaced people still living in dire conditions in camps and many others without citizenship in isolated villages, UNOCHA spokesman said. "Access to adequate healthcare and livelihoods remains a major concern for displaced people and vulnerable communities in Rakhine State," he said. The UNOCHA official also warned that more than 40,000 displaced Rohingya Muslims live in camps within 500 meters of coastline, where Over 400,000 Rohingya Muslims need aid: UN weather conditions are expected to deteriorate amid the monsoon season. "Restrictions on the freedom of movement of hundreds of thousands of people in Rakhine State severely compromise their basic rights to food, healthcare, education, livelihoods and other basic services, leaving them dependent on humanitarian aid," he added. Over 1.3 million Rohingya Muslims in Myanmar face discrimination, including controls on their movements, family size and access to jobs. In recent years, a large number of Rohingya Muslims have been killed and thousands displaced in attacks by extremist Buddhists, especially in Rakhine State. Myanmar denies citizenship to most of Rohingya population in the country. According to the United Nations (UN), Rohingya Muslims are one of the most persecuted minorities in the world. The violence against Rohingya Muslims in Myanmar has triggered an influx of refugees into neighboring countries, namely Thailand, Malaysia and Indonesia.



## Bait-us-Salam Updates

# Fahmedeen Pulications: Ramadan Stall Activities



The last Ashra of Ramadan was an extremely busy one for Fahmedeen Publications. A mega stall was set up outside Masjid-e-Bait-us-Salam which served as a promotional platform for all magazines of Fahmedeen publications.

A very enthusiastic response was received by the visitors and passer bys and a lot of useful data was also collected.


Stalls were also out up outside Masjid-e-Alil and Bab-us-Salam Masjid along with few other mosques in various parts of the city.

Many young motivated boys volunteered as helpers and post Ramadan their hard work was duly acknowledged via certificates and a delicious dinner. Top 3 performers were awarded their certificate by Hazrat Maulana Abdul Sattar Sahb (DBA)

# Bait-us-Salam Welfare Trust: Summer Camp

This year, once again, for the young boys eager to spend their summers learning Islamic values with fun filled activities, a summer camp was organized by BSWT. The 15 day camp included field trips to a water park and Dar-ul-Uloom!

The only drawback was that time around the duration of the camp was shorter than what the young campers would have liked!







*Page 2*












## FACTS, EVENTS & BELIEFS



# Amazing Clock Inventions

Knowing the correct time of the day for daily affairs is important and it is the inventions from Muslim scientists who have impacted current clock technologies.


From the earliest days of Islam, the importance of timing was never underestimated. The Islamic heritage has left today's Muslims with an ancient heritage of clocks. Using the most advanced technology of their time, both refining and documenting their endeavours, the modern clock of today evolved from these masters of arithmetic, astronomy and engineering.

The innovative devices were nothing short of precision engineering, their aesthetic quality was clean and beautiful in design, and the timepieces provided a voice for invoking gratitude to Alah for what we call the common today clock.

**Ibn Al-Haytham's Mechanical Water Clock**

Ibn al-Haytham , known in Europe as Alhazen, was born in Basra, Iraq, around the year 965 CE . His scientific career began in Basra, but his career mainly flourished in late 10th and early 11th-centuries.

He created a water clock, which in his description, was a new invention in that it gave hours and minutes, which no other clock gave before his time. He refers to making and manufacturing as well as testing by trial and error, as well as calculations.



Ibn al-Haytham never disclosed why he chose to use an inflow clepsydra type instead of the out-flow type which was frequently used by the Greeks. In a geographical sense, it could be that he was in Basra when he described his clock, where Indian technology would have reached.

He described the calibration technique and the trials and errors of each run so that the clock can reflect time *Page 2*

# دی انٹیلیکٹ بلیٹن

ماہنامہ | اگست 2015ء | ذوالقعد 1436ھ | جلد نمبر1، شمارہ نمبر 6



ہم کو چاہیے کہ تدبیر اور کوشش کریں، نتیجہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیں، جو نتیجہ آئے اس پر خوش رہیں۔ راحت، سکون اور چین باہر کی چیزوں میں نہیں بل کہ یہ اپنے ہی اندر چھپا ہوا جوہر ہے۔

مثبت سوچ اپنائیں ایک روح پرور تحریر، صفحہ نمبر 2 پر



والدین کا ادب و احترام عمر کے ہر حصے میں واجب ہے لیکن جب دونوں شباب کی بہاروں، رعنائیوں اور توانائیوں سے محروم ہو کر بڑھاپے کی زندگی گزار رہے ہوں تو اولاد کو چاہیے کہ ان کا زیادہ خیال رکھے۔

والدین کا ادب۔ ایک فکر انگیز تحریر صفحہ نمبر 2 پر

## لندن اسکولوں میں طلبہ کے موبائل فونز استعمال کرنے پر پابندی سے نتائج میں 6% بہتری: لندن اسکول آف اکنامکس کی تحقیق

### جو طالب علم پڑھائی کے دوران موبائل فون استعمال کرتے ہیں، وہ کامیابی سے ملٹی ٹاسکنگ نہیں کرسکتے: ایگزیمیننگ دی ایفیکٹس آف ٹیکسٹنگ اینڈ میسیج کونٹینٹ آن لرننگ نامی امریکی تحقیق



امریکا (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک امریکی تحقیق کے مطابق جو طالب علم پڑھائی کے دوران موبائل فون استعمال کرتے ہیں وہ کامیابی سے ملٹی ٹاسکنگ نہیں کرسکتے۔ مطلب یہ کہ پڑھائی کے دوران فون کے استعمال سے پڑھائی کا حرج ہوتا ہے۔ تحقیق کاروں کو معلوم ہوا ہے کہ جو طالب علم پڑھائی کے دوران ٹیکسٹ پیغامات بھیجتے یا وصول کرتے ہیں ان کے امتحانی نتائج اتنے اچھے نہیں ہوتے اور وہ نوٹس لینے والے کام بھی اچھی طرح نہیں کرپاتے۔ 'موبائل فونز ان دی کلاس روم: ایگزیمیننگ دی ایفیکٹس آف ٹیکسٹنگ اینڈ میسیج کونٹینٹ آن لرننگ' نامی اس تحقیق میں 145 طالب علموں پر تجربات کیے گئے۔ اس میں یہ جاننے کی کوشش کی گئی کہ کس طرح نوجوان ایک ہی وقت میں ویڈیو پر لیکچر سنتے ہیں، نوٹس لیتے ہیں اور سوالوں کے جوابات دیتے ہیں، جبکہ اس کے ساتھ ساتھ انٹرنیٹ کے ساتھ جڑے موبائل فونز پر دوسری چیزیں بھی ان کی سوچ میں خلل ڈالتی رہتی ہیں۔ تحقیق کے دوران یہ بھی سامنے آیا کہ جو طالب علم پڑھائی کے دوران موبائل فونز اور ان ڈیوائسز سے دور رہے ان کے نتائج بہتر رہے۔

برطانیہ میں بھی اس بات پر بحث ہوتی رہی ہے کہ آیا سکولوں میں موبائل فونز کے استعمال کی اجازت دی جائے یا نہیں۔ گزشتہ ماہ لندن سکول آف اکنامکس نے ایک تحقیق شائع کی تھی جس میں انگلینڈ کے چار شہروں کے سکولوں کا جائزہ لینے کے بعد یہ دیکھا گیا تھا کہ جن سکولوں نے موبائل فونوں پر پابندی لگائی ان کے نتائج چھ فیصد بہتر ہو گئے تھے۔

## ترکی میں 100% حلال بحری جہاز کا آغاز: ترکی سرکاری خبر رساں ایجنسی انادولو

### نہ مخلوط اجتماع، نہ سور اور شراب، نہ دیواروں پر پینٹنگز، حتیٰ کہ ساحل بھی خواتین کے لیے الگ مختص ہوگا

ترکی (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکی میں ایک کمپنی نے اسلامی رجحان رکھنے والے افراد کو مدنظر رکھتے ہوئے '100 فیصد حلال بحری جہاز' متعارف کروایا ہے۔ ترکی کی سرکاری خبر رساں ایجنسی انادولو کا کہنا ہے کہ حلال بحری جہاز پر سفر کا آغاز ستمبر کے آخر میں ہو گا۔ جہاز میں مردوں اور عورتوں کے لیے الگ الگ سہولیات رکھیں گئی ہیں، جیسے ترکش حمام اور کھیلوں کے لیے مختص الگ الگ جگہیں وغیرہ۔

جہاز پر بحیرۂ ایجین کے سفر کے دوران شراب نہیں ملے گی اور نہ جوا کھیلا جاسکے گا۔ جہاز پر سور کے گوشت سے بنی مصنوعات بھی دستیاب نہیں ہوں گی۔ جہاز کی تزئین و آرائش میں اسلامی قواعد کا خیال رکھا گیا ہے۔ کمپنی کے پروجیکٹ مینیجر نے بتایا کہ 'جہاز میں پینٹنگز بھی نہیں لگائی گئیں کیونکہ یہ اسلامی اقدار کے خلاف ہیں۔'

ابتدا میں جہاز پر چار رات تک قیام کرنے کے ساتھ ساتھ مسافروں کو رویڈس کے سیاحتی مقام پر سیر کی پیشکش بھی کی گئی ہے۔



کمپنی کے جنرل مینجر نے کہا کہ 'یہ صرف ایک ایسا جہاز نہیں ہے جس پر شراب اور سور کے گوشت کی مصنوعات نہیں ہیں بلکہ یہ ایک ثقافتی اور تاریخی سفر ہو گا جس میں سماجی رابطہ بنانے کی فضا سازگار ہو گی۔'

ترکی میں 'حلال سیاحت' کی صنعت تیزی سے فروغ پا رہی ہے اور ہوٹلوں میں مسلمانوں کی تعطیلات منانے کے لیے خصوصی پیکج متعارف کروائے جار رہے ہیں۔ جیسے صرف خواتین کا سوئمنگ پول یا خصوصی ساحل۔

## برطانیہ کی برمنگھم یونیورسٹی کی لائبریری سے قرآن کا 1370 سال پہلے کا قدیم ترین نسخہ برآمد: ڈائریکٹر یونی ورسٹی سوزن وورل

### یہ نسخہ ۱۹۲۰ء میں پادری الفونسے منگانا چاکلیٹ بنانے والی کمپنی ایڈورڈ کیڈبری کے اسپانسر پر عراق کے شہر موصل سے برطانیہ لائے

برطانیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کی برمنگھم یونیورسٹی کی لائبریری سے ممکنہ طور پر قرآن کا قدیم ترین نسخہ برآمد ہوا ہے۔ یونیورسٹی کے مطابق ریڈیو کاربن ٹیسٹ سے یہ معلوم ہوا ہے کہ یہ نسخہ کم از کم 1370 سال پرانا ہے اور اگر یہ دعویٰ درست ہے تو یہ نسخہ قدیم ترین قرآنی نسخہ ہے۔ یہ نسخہ مشرق وسطیٰ کی کتابوں اور دیگر دستاویزات کے ساتھ تقریباً ایک صدی سے پڑا ہوا تھا اور کسی نے اس کی پہچان نہیں کی۔ اس نسخے کو ایک پی ایچ ڈی کرنے والے طالب علم نے دیکھا اور پھر فیصلہ کیا گیا کہ اس کا ریڈیو کاربن ٹیسٹ کرایا جائے اور اس ٹیسٹ کے نتیجے نے سب کو حیران کر دیا۔ یونیورسٹی کی ڈایریکٹر سوزن وورل کا کہنا ہے کہ تحقیق دانوں کو اندازہ بھی نہ تھا کہ یہ دستاویز اتنی قدیم ہو گی۔ اس ٹیسٹ کے مطابق یہ 568ء اور 645ء کے درمیان کا نسخہ ہے۔ برمنگھم یونیورسٹی کے عیسائیت اور اسلام کے پروفیسر ڈیوڈ تھامس کا کہنا ہے کہ 'اس تاریخ سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلام کے چند سال بعد کا نسخہ ہے۔' پروفیسر تھامس کا کہنا ہے کہ قرآن کو کتاب کی صورت میں 650 میں مکمل کیا گیا۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ 'جو نسخہ ملا ہے وہ موجودہ قرآن کی طرح ہی ہے جس سے اس بات کو تقویت ملتی ہے کہ قرآن میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی اور وہ ویسا ہی ہے جیسے کہ نازل ہوا۔'

قرآن کا یہ نسخہ 'حجازی لکھائی' میں لکھا گیا ہے جس طرح عربی پہلے لکھی جاتی تھی۔ جس کے باعث اس بات کو تقویت ملتی ہے کہ یہ قدیم ترین نسخہ ہے۔ برٹش لائبریری کے ڈاکٹر محمد عیسیٰ کا کہنا ہے کہ 'خوبصورت اور واضح حجازی لکھائی میں لکھے گئے یہ نسخے یقینی طور پر پہلے تین خلفا کے زمانے کے ہیں یعنی 632 اور 656 کے عرصے کے۔' ڈاکٹر محمد عیسیٰ کا کہنا ہے کہ تیسرے خلیفہ کے زمانے میں قرآن کا حتمی نسخہ منظر عام پر لایا گیا۔ یہ نسخہ دراصل اس منگانا مجموعے کا حصہ ہے، جس کے تحت 1920 کی دہائی میں جدید عراق کے شہر موصل سے پادری الفونسے منگانا 3000 سے زائد دستاویزات لائے تھے۔ ان کو چاکلیٹ بنانے والی کمپنی ایڈورڈ کیڈبری نے سپانسر کیا تھا کہ وہ مشرق وسطیٰ جائیں اور دستاویزات اکٹھی کریں۔

## عید کی خوشیوں میں بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ بھی گاؤں اور دیہاتوں میں غریب مستحق لوگوں کے سنگ

### بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کی طرف سے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ملک بھر میں ہزاروں سوٹوں کی تقسیم

بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ اور غریبوں کے حسین سنگم نے مستحق افراد کی عید کی خوشیاں بھی دوبالا کردیں۔ جب بھوک سے نڈھال ہڈیوں کے پنجرے کو ڈھانپنے کے لیے ایک لباس بھی میسر نہ ہو تو وہاں عید تو دور کی بات خوشی کا خیال بھی کوسوں دُور سے گزرتا ہے۔ ایسے لوگوں کی زندگیوں میں عید کے دِن تو بہت آئے ہوں گے، لیکن اُس دِن کی خوشی شاید انہیں بہت کم ہی نصیب ہوئی ہوں گی۔ بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ اور غریب مستحق افراد ایک ایسی گنگا کے دو کنارے ہیں، جو ہر خوشی غمی کے موقع پر ایک ساتھ بہتے ہیں، چنانچہ اس سال بھی عید الفطر کے موقع پر بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ نے تلہ گنگ، چترال اور صادق آباد کے قرآنی مراکز کو بنیاد بنا کر ہزاروں مستحق افراد میں سوٹ تقسیم کیے، تاکہ اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے امیروں کے تعاون، غریبوں کی امداد اور بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے کام کی یہ مضبوط تکون ہمیشہ قائم و دائم رہے۔



## اگر ہمارے گاؤں کا کوئی آدمی بیمار ہوا تو اسے زیادہ ٹیکس دینا ہوگا: میئر آف سیلیا اِن اٹلی

### 1951ء میں سیلیا کی آبادی 1400، اب صرف 500، جن میں 60% ریٹائرڈ لوگ: میئر کی پریشانی


### خدا سے ٹکر کا انجام، سبز ستارہ اور بچے دو ہی اچھے کا گن گانے والوں کو آج اپنی نسل بچانا مشکل ہو گئی: اصحابِ فکر

اٹلی (مانیٹرنگ ڈیسک) اطلاعات کے مطابق اٹلی کے ایک میئر نے ایک ایسے حکم نامے پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت لوگوں کو بیمار ہونے سے روکا گیا ہے۔ خبر رساں ایجنسی اے جی آئی کے مطابق سیلیا نامی گاؤں کے میئر ڈیوڈز کشینیلا مقامی لوگوں کی صحت کو بہتر کرنے اور تیزی سے کم ہوتی آبادی کو روکنے کے منصوبے پر کام کر رہے ہیں۔ یہ حکم نامہ مقامی کونسل کی ویب سائٹ پر شائع کیا گیا ہے جس میں لکھا ہے گاؤں میں بیمار ہونے پر 'پابندی' ہے۔ 1951ء میں اس قصبے کی آبادی 1400 تھی لیکن اب اس کے باشندوں کی تعداد صرف 500 رہ گئی ہے جس میں 60 فیصد سے زیادہ افراد ریٹائرمنٹ کی زندگی گزار رہے ہیں۔ میئر جو کہ خود بھی ایک قابل ڈاکٹر ہیں، کا کہنا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ لوگ طبی معائنہ کروانے کو اپنی ذمہ داری سمجھیں تاکہ یہ گاؤں کی آبادی کے ختم ہونے کی وجہ سے نہ مر جائے۔ آبادی میں کمی ہونا اٹلی کے بہت سے دیہات اور چھوٹے قصبوں کے لیے باعث تشویش ہے۔



سیسلی کے ایک قصبے گنگلی میں آبادی بڑھانے کے ایک منصوبے کے تحت لوگوں کو خالی مکان مفت دیے جارہے ہیں اور صرف شرط یہ ہے کہ ان مکانات کی تین برس کے اندر اندر مرمت کرانا ہو گی۔

میئر اور اٹلی کے باشندگان کو چاہیے اب بھی خدا نظر نہ آئے، لیکن اصحابِ فکر کو تو قرآن و سنت کی روشنی میں یہی نظر آتا ہے کہ یہ بھوک کے خوف سے آبادی کو محدود کرنے اور خدا کی خدائی میں دخل دینے کا نتیجہ ہے۔




## بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کی طرف سے ملک بھر کے دیہی علاقوں میں مستحق افراد کے لیے افطاری کا انتظام

### کراچی کے مختلف اسپتالوں میں تیماردار خواتین وحضرات اور دیگر راہ گیروں کے لیے بھی افطاری کا انتظام

بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ نے ہر سال کی طرح اس سال بھی رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں غریب اور مستحق افراد کو تنہا نہیں چھوڑا، وہ غریب اور مستحق لوگ جو پیٹ بھر کر کھانے پینے کی استطاعت تو نہیں رکھتے لیکن اُن کی ایمانی غیرت روزہ چھوڑنے کے گناہ کو برداشت کرنے کے لیے بھی آمادہ نہیں ہوتی، اُن کی جیب تو خالی ہوتی ہے، لیکن اُن کے دِل جذبہ ایمانی سے معمور ہوتے ہیں۔ چنانچہ بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ نے ایسے غریب اور مستحق افراد کے لیے رمضان المبارک کے پورے مہینے میں افطاری کا انتظام کیا۔ یہ انتظام ملک بھر میں قائم کردہ قرآنی مراکز کو بنیاد بنا کر کیا گیا۔



کراچی اور اس کے مضافات میں ہزاروں افراد کو افطاری کروائی گئی، اسی طرح پنجاب میں کئی ہزار مستحق افراد کو افطاری کروائی گئی۔ افطاری پیکیج میں سیب، انگور، سردا کیلے، کھجوریں، شربت اور پکوڑے ہوتے تھے اور بعض اوقات چاول کا انتظام بھی کیا گیا۔

اسی طرح عام طور پر اُن لوگوں کے لیے بھی روزہ رکھنا دُشوار ہوتا ہے، جو ناگہانی آفات کا شکار مختلف مریضوں کے ہم راہ اسپتالوں میں رمضان گزارنے پر مجبور ہوتے ہیں، اُن کا دِل چاہ رہا ہوتا ہے کہ وہ روزوں کے اجر و ثواب کو ضائع نہ کریں اور نہ ہی اُن کے زندگی بھر رمضان کے روزے چھوٹے ہوتے ہیں، لیکن اگر رمضان کے روزے رکھیں تو مریض کی دوائی پوری نہیں ہوتی اور اگر دوائی پوری کریں تو جیب سحری و افطاری کرنے کی اجازت نہیں دیتی۔ ایسے ضرورت مند لوگوں کا خیال رکھتے ہوئے بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ نے کراچی کے مختلف اسپتالوں میں افطاری کا انتظام کیا۔ بہت سے غریب مستحق افراد نے بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے لیے افطاری کے وقت دعا کی کہ اللہ اس کو اور اس کو چلانے والوں کو ہمیشہ سر سبز و شاداب رکھے۔